صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini
26-04-2025

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع سے زیادہ سی زیادہ استفادہ کریں خطیب شاہی مسجد باغ عامہ کی اپیل

## المونی ایسوسیشن کی جانب سے باغ عامہ میں مانو میں داخلوں کے لیے شعور بیداری مہم کا انعقاد

حیدرآباد /25اپریل (پریس نوٹ )انجمن طلبہ قدیم مولانا ازاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے تعلیمی سال 26 2025 کے لیے داخلوں کے متعلق شعور بیداری مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں آج شاہی مسجد باغ عامہ میں انجمن طلبہ قدیم کی جانب سے ایک اسٹال لگایا گیا اس اسٹال کا افتتاح خطیب شاہی مسجد باغ عامہ مولانا ڈاکٹر احسن بن محمد الحومی نے الجام دیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اردو دان طبقہ کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو ایک بڑی نعمت سے تعبیر کیا اور کہا کہ ایک بہترین سنٹرل یونیورسٹی شہر میں موجود ہے اس لیے اردو دان طبقے کو اس جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے المونی اسوسی ایشن کی جانب سے شائع شدہ معلوماتی پوسٹرز اور پمفلٹ کی رسم اجرا بھی انجام دی گئی بعد ازاں جمعہ کی نماز کے بعد شاہی مسجد باغ عامہ میں مصیان میں معلوماتی لٹریچر تقسیم کیا گیا اور مولانا ازاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع کی نشاندہی کی گئی المنی ایسوسیشن کے صدر اعجاز علی قریشی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بتلایا کہ مولانا ازاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فی الحال 120 سے زائد کورسز میں داخلے جاری ہیں ڈپلومہ سے لے کر ڈاکٹریٹ کی سطح تک مختلف پروگراموں میں داخلوں کی آخری تاریخ 13 می ہے انہوں نے اردو اساتذہ اردو طلبا اور محبان اردو سے گزارش کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ اردو میڈیم کے طلبا کو اعلی تعلیمی مواقع کے حوالے سے اگاہ کریں اور مولانا ازاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں دستیاب کورسز میں داخلوں کے لیے رہنمائی کریں اس موقع پر اعلان کیا کہ المنی ایسوسیشن کی جانب سے داخلوں کے متعلق شعور بیداری کے لیے شہر حیدراباد کے ہر بڑی مسجد اور ہر اسکول اور کالج کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جائے گی شاہی مسجد باغ عامہ کے احاطے میں منعقدہ اج کے اس پروگرام میں ایسوسیشن کے جنرل سیکرٹری ناصر حسین شعیب محمد اعجاز الدین اردو افیسر تیلنگانہ اسمبلی محمد عبدالقیوم جونیئر لیکچرر کے علاوہ اردو اکیڈمی جدہ کے سلیم فاروقی اور دیگر المنی عہدداران بھی موجود تھے۔